بچوں کے لیے بائبل

پیشکش



یسُوع کی آزمایش کا وقت

Edward Hughes :مصنف

Byron Unger; Lazarus :تمثیل کار
Alastair Paterson

M. Maillot; Sarah S. :مطابقت

OM Pakistan :مترجم

Bible for Children :پروڈیوسر
www.M1914.org

©2021 Bible for Children, Inc.
لائسنس: آپ کو حق ہے کہ اس کہانی کو کاپی یا پرنٹ کرسکتے
جب تک کہ آپ اس مواد کو بیچنا شروع نہ کر دیں۔

جب یسوع نے
بپتسمہ لیا،خدا نے
کہا،”یہ میرا پیارا
بیٹا ہے،جس سے
میں خوش ہوں“۔
خدا کا روح یسوع
پر کبُوتر کی ما
نند اُترا۔

اس کے فوراً بعد، خدا کا
روح یسوع کو جنگل میں لے
گیا۔یسوع وہاناکیلاتھا۔

یسوع نے چالیس دن کا روزہ
رکھا۔اس کا مطلب ہے کہ اس نے
نہ کچھ کھایااور پیا۔اسے شدید
بھُوک لگی۔

بائبل بیان کرتی ہے کہ
وہاں پر جنگلی
جانوربھی تھے-



شیطان یسوع کو آزمانے آیا۔بہت
پہلے اس نے باغ عدن میں آدم
اور حوّا کوخدا کی نافرمانی
کرنے کے لیے
آزمایا تھا۔اب

یسوع آزمایا
جائے گا۔

یہاں تک کہ شیطان
خُدا کے بیٹے یسوع
کی بھی آزمایش کر
سکتا ہے۔

ابلیس نے یسوع سے کہا،
”اگر تُو خدا کا بیٹا ہے تو ان
پتھروں سے کہہ کہ وہ روٹیاں
بن جائیں“۔

وہ جانتا تھا کہ یسُوع بھُوکا تھا ۔
وہ جانتا تھا کہ خدا کا بیٹا پتھروں
کو روٹیوں میں بدل سکتا تھا۔کیا
یسوع شیطان کی بات مانے گا؟

نہیں ! یسوع نے شیطان کی بات کو نہ مانا۔
بلکہ اس نے خدا کے کلام میں سے اُسے
جواب دیا، ...

...’’کہ آدمی صرف روٹی ہی سے جیتا نہ
رہے گا بلکہ ہر اُس بات سے جو خدا کے
مُنہ سے نکلتی ہے‘‘۔



پھر شیطان یسوع کو یروشلیم کے بڑے شہرکی مقدس ہیکل میں جہاں لوگ خدا کی

عبادت کرتے تھے، لے گیا۔

اب شیطان آگے کیا کرے گا؟

شیطان نے کہا ۔”اگر تو خدا کا بیٹا ہے تو
اپنے آپ کو اس ہیکل کے اوپر سے نیچے
گرا دے۔خدا کے کلام میں لکھا ہے
کہ اس کے فرشتے تیری
حفاظت کریں گے“۔

یسوع نے جواب دیا،”نہیں“ ،یہ بھی لکھا ہے کہ تو خداوند اپنے خدا کی آزمایش نہ کر۔

شیطان نے ایک بار پھر کوشش کی
اور یسوع کو شہر سے باہر ایک بہت
اونچے پہاڑ کی چوٹی پر لے گیا۔

شیطان نے زمین کی ساری سلطنتوں کی شان
وشوکت دکھاتے ہوئے یسوع
سے کہا۔”اگر توجُھک کر
مجھے سجدہ کرے تومیں یہ
سب کچھ تجھے
دے دوں گا۔“

یسوع نے کہا،اے شیطان دُور ہو۔کیونکہ
لکھا ہے کہ تو خداوند اپنے خدا کو سجدہ
کر اور صرف اُسی
کی عبادت کر۔

تب شیطان یسوع کے
پاس سے چلاگیا۔
پھر کچھ شاندار
رُ ونما ہُوا۔

خدا نے اپنے بیٹے
یسوع جس نے
شیطان کی بات
کو رّد کیا،کی
خدمت کے
لئے فرشتے
بھیجے-

یسُوع کی آزمایش کا وقت

ایک کہانی جو خدا کے کلام، بائبل مقدس میں سے ہے

متی4، لوقا 4

” تیری باتوں کی تشریح نور بخشتی ہے-“

زبور119:130

ختم شد

بائبل کی کہا نی ہمیں ہمارے عجیب خُدا کے
بارےمیں بتا تی ہے جس نے ہمیں بنایا اور وہ چا ہتا ہے
کہ آپ اُ سے جا نیں۔

خد ا جانتا ہے کہ ہم نے بر ے کام کیے جنھیں وہ گناہ کہتا
ہے۔ گناہ کی سزا موت ہے۔ لیکن خدا ہم سے اتنی ز یا دہ
محبت کرتا ہے کہ اس نے اپنے اکلو تے بیٹے یسو ع کو
بھیجا کہ صلیب پر مر ے اور ہما ر ے گنا ہو ں کی سزا
اٹھا ئے۔ پھر یسو ع دوبا ر ہ ز ند ہ ہو ا اور آسما ن پر
اپنے گھر گیا۔ اگر آپ یسو ع پر ایما ن رکھتے ہیں اور اس
سے اپنے گنا ہو ں کی معا فی ما نگیں تو وہ اسے معاف
کر ے گا۔ وہ آئے گا اور آپ میں رہے گا، اور آپ
ہمیشہ ا س کے سا تھ رہیں گے۔

اگر آپ ا یما ن رکھتے
ہیں کہ یہ سچ ہے تو خدا سے کہیں:
پیا ر ے یسو ع، میں ایمان رکھتا ہو ں کہ تو خدا ہے اور
میر ے گنا ہو ں کے لیے انسا ن بنا اور مر گیا اور اب
پھر زندہ ہے۔ مہربانی سے میری زندگی میں آ جا اور میر
ے گنا ہ معا ف کر دےتا کہ اب مجھے نئ زند گی ملے
اور پھر ایک دن تیر ے سا تھ ہمیشہ کے لیے چلا جا وں۔
میر ی مد د کر تاکہ میں تیر ے تابع رہ سکو ں اور تیرے
فرزند کے طور پر زندگی بسر کروں ۔ آ مین۔

با ئبل مقد س پڑ ہیں اور خدا سے روز با
تیں کر یں۔ یو حنا 16:3